# تعلیم کے نقصانات کی تلافی میں طلباء کی مدد کے لیے اونٹاریو کا ایجوکیشن پلان

آموزش، مستقبل میں ملازمتوں کے لیے تیاری اور طلباء کی جسمانی و ذہنی صحت کے نقصان کی تلافی میں ان کی مدد کے لیے یہ جانیں کہ تعلیمی سال 23–2022 کے لیے کن باتوں کی توقع کی جا سکتی ہے۔

اس صفحہ پر

1. تعلیمی سال 23-2022 کے لیے تیار ہو جائیں
2. کلاس میں بروقت واپس آئیں
3. نئی اتالیقی امدادی خدمات
4. مستقبل میں ملازمتوں کے لیے تیاری
5. اسکول کی تعمیر اور تعلیم میں بہتری کے لیے مزید رقم
6. ذہنی صحت سے متعلق امدادی اقدامات
7. یہ صفحہ دیگر زبانوں میں ہے

تعلیمی سال 23–2022 کے لیے تیار ہو جائیں

COVID-19 وبا بچوں، والدین اور سرپرستوں پر بہت سخت گزری ہے کیونکہ وائرس کے پھیلاؤ کو سست کرنے کے لیے طلباء کوگھر سے کام کرنا پڑ رہا ہے۔

دوسال تک بار بار کی رکاوٹوں کے بعد تعلیم کے نقصان کی تلافی میں مدد کے لیے ہمارے پاس ایک منصوبہ ہے جس میں شامل ہیں:

- بشمول زائد از نصاب سرگرمیاں مثلا کلب، بینڈ اور میدانی دورے والے مکمل تعلیمی تجربے کے ساتھ ستمبر میں بروقت بچوں کو واپس کلاس میں لانا
- آموزش میں رخنوں کو بھرنے کے لیے اتالیقی امدادای خدمات کی توسیع
- طلباء کو وہ مہارتیں سکھانا جس کی ضرورت انھیں مستقبل میں ملازمتوں کے لیے ہو
- اسکول کی تعمیر اور تعلیم کی بہتری کے لیے مزید رقم
- توسیع شدہ امدادی خدمات کے ہمراہ ذہنی صحت میں طلباء کی مدد کرنا

اس صفحے پر منصوبے اور اعمال کے ان عناصر کو نمایاں کیا گیا ہے جن کے بارے میں ہم نقصان کی تلافی میں طلباء کی مدد کے لیے بات کر رہے ہیں۔

مکمل منصوبہ ڈاؤن لوڈ کریں

کلاس میں بروقت واپس آئیں

طلباء کے کلاس میں بروقت واپسی لانے سے زیادہ اہم کوئی بات نہیں ہے جہاں انھیں مکمل تعلیمی تجربہ حاصل ہوگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اور آپ کا بچہ کھیل کود، بینڈ اور میدانی دوری جیسی زائد از نصاب سرگرمیوں کی توقع کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اور آپ کے افراد خاندان اس متبادل کا انتخاب کریں تو فاصلاتی تعلیم اب بھی دستیاب ہے۔

نئی اتالیقی امدادی خدمات

ہم یہ یقینی بنا رہے ہیں کہ متن خوانی اور ریاضی کی مہارتوں کو بہتر بنا کر تعلیم کے نقصان کی تلافی میں طلباء کی مدد کی جائے۔

اتالیقی پروگرام کے لیے اندراج کریں

کلاس کے دوران، کلاس کے بعد، اختتام ہفتہ اور دوران گرما مفت اتالیقی مدد کے لیے اپنے اسکول یا اسکول بورڈ سے رابطہ کریں۔ ہم آموزش اور امداد شماری اور ریاضی کی مہارتوں میں آئے رخنوں کو پر کرنے میں مدد کے لیے ان پروگرموں کی مالی اعانت کر رہے ہیں۔

آن لائن اتالیقی خدمت آزمائیں

گریڈ 4 تا 11 کے طلباء Mathifyکی مدد سے ریاضی میں مفت اتالیقی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ فرانسیسی زبان والے سکولوں کےگریڈ 1 تا 12 کے طلباء تمام مضامین میں Eurêka سے مدد لے سکتے ہیں۔ یہ دونوں خدمات مستند اساتذہ کے ذریعے فراہم کیے جاتے ہیں۔

© Queen's Printer for Ontario, 2020

Ontario

خصوصی تعلیم

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ خصوصی تعلیم والے طلباء کو مطلوبہ آموزشی امدادات حاصل ہیں ہم سکول بورڈ سے تعاون کرتے رہیں گے۔ خصوصی تعلیم کے بارے میں جانیں۔

مستقبل میں ملازمتوں کے لیے تیاری

سکول کی درسیات میں طلباء کو وہ مہارتیں سکھائی جاتی ہیں جس کی ضرورت انھیں مستقبل میں ملازمتوں کی تیاری کے لیے ہو۔

ہنرمندی والے پیشے

کیا آپ جانتے تھے کہ 2025کے ہر پانچ ملازمتوں میں سے ایک ملازمت ہنرمندی والے پیشے کی ہوگی؟ ہم درسیات کی مسلسل تجدید کرتے رہیں گے تاکہ طلباء کو پیشوں میں مفید کیئرز کے لیے مطلوب ہنرمندیوں کو سیکھ سکیں ان سکول پروگرام کے بارے میں جانیں جو ہنرمندانہ پیشے سیکھنے میں طلباء کی مدد کر سکیں۔

کوڈنگ

اپنی تجدید شدہ درسیات کی مدد سے طلباء گریڈ 1 تا 8 ریاضی کی درسیات، گریڈ 9 کی ریاضی کی درسیات، گریڈ 1 تا 8 سائنس و ٹیکنولوجی کی درسیات اور گریڈ 9 کے سائنس کے نصاب زمرہ بندی کی مہارتیں سیکھنے اور اس کا اطلاق کرتے ہیں۔ طلباء ان مہارتوں کا استعمال مسائل حل کرنے کی صلاحیتوں اور ٹیکنولوجی کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے کرتے ہیں۔

سائنس، ٹیکنولوجی، انجینرنگ اور ریاضی

ہم سائنس، ٹیکنولوجی، انجینرنگ اور ریاضی (STEM) پر زیادہ توجہ مرکوز کر رہے ہیں۔ اس سال 1 تا 8 گریڈ کے طلباء سائنس و ٹیکنولوجی کا نظر ثانی شدہ نصاب اور گریڈ 9 کے غیر شاخ بند سائنس نصاب کی شروعات کریں گے۔ طلباء معیشیت کے ترقی کرتے ہوئے شعبوں میں ملازمتوں کی حقیقی زندگی کی مہارتیں سیکھیں گے اور انھیں کام میں لائیں گے۔

سکول کی تعمیر اور تعلیم کی بہتری کے لیے مزید رقم

اعلی معیار کے اساتذہ کے بغیر کلاس روم کچھ نہیں ہیں۔ بہتر سکولوں اور اعلی معیار کی تعلیم کے ذریعے طلباء کی مدد کرنے کے لیے ہم:

• سکولوں میں مزید 3,000 افراد کے عملے کی تقرری کر رہے ہیں، جن میں اساتذہ، ابتدائی بچوں کے معلمین اور
• تعلیمی معاونین شامل ہیں
• جدید ترین طرز کے سکول اور کلاس رومز کی تعمیر کے لیے $14 بلین کی سرمایہ کاری کر رہے ہیں
• اساتذہ، معلمین اور سکول کے عملے کو تنخواہ منصفانہ اور معقول اضافہ دے رہے ہیں
• سب سے پہلے طلباء کی ضروریات کی تکمیل کے لیے عملے کی تقرری کے طریقوں کی تجدید کر رہے ہیں

ذہنی صحت سے متعلق امدادی خدمات

طلباء کو ان کی ذہنی بہبود میں مدد کے لیے اس وقت سکولوں میں ذہنی صحت کے ہزاروں کارکنان ہیں۔ اپنے بچے کے سکول میں ذہنی صحت کی خدمات کے بارے میں جاننے کے لیے اپنے سکول کے پرنسپل سے رابطہ کریں۔

صوبے کی ذہنی صحت اور نشہ خوری کی عادتوں کے نظام، صحت و تندرستی سے متعلق اونٹاریو کے روڈ میپ ٹو ویلنس کی تشکیل کے منصوبے کا مطالعہ کریں۔ ہم پورے صوبے بھر کے بستیوں میں جس میں نوجوان بھی شامل ہیں ذہنی صحت کی امدادی خدمات تک رسائی کی وسعت اور بہتری کے لیے 10 سالوں سے $3.8 بلین خرچ کر رہے ہیں۔

طلباء اور نوجوانوں کے لیے پروگرامز اور خدمات

• 18 سال تک کے بچوں اور نوجوانوں کی ذہنی صحت کے پروگرام اور خدمات کے بارے میں جانیں۔
• COVID-19 کے دوران طلباء کی ذہنی صحت میں تعاون کے وسائل حاصل کریں۔
• تندرستئی نوجوانان کے کسی مرکز پر صحت، نشے کی لت چھڑانے کی خدمات، تعلیم اور خدمات روزگار تک رسائی کریں۔
• LGBTQI2S طلباء کے لیے وسائل اور ویبی نار کی تفصیل دیکھیں۔

طلباء کے لیے مفت ہیلپ لائنز

طلباء کسی ماہر صلاح کار سے بات کرنے کے لیے کسی ہیلپ لائن کو فون کر سکتے ہیں۔ یہ ہیلپ لائنز مفت گمنام، خفیہ اور دن میں 24 گھنٹے اور ہفتے میں 7 دن دستیاب ہیں۔

• بچے اور نوجوان کڈز ہیلپ فون کو ٹول فری نمبر: 1-800-668-6868 پر کال کر سکتے ہیں۔
• ثانوی سکول سے آگے کے طلباء بلا اجرت: 1-866-925-5454 پر Good2Talk کو فون کر سکتے ہیں